اللہ کے رسول ﷺ سوموار اور جمعرات کا روزہ خاص اہتمام سے رکھتے تھے

عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ سوموار اور جمعرات کا روزہ خاص اہتمام سے رکھتے تھے

[صحیح] [اسے ابنِ ماجہ نے روایت کیا ہے - اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے - اسے امام نسائی نے روایت کیا ہے - اسے امام احمد نے روایت کیا ہے]

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں خبر دے رہی ہیں کہ سوموار اور جمعرات کے روزے کا آپ ﷺ بطور خاص اہتمام فرماتے تھے کیونکہ ان دنوں میں اعمال اللہ کے ہاں پیش کیے جاتے ہیں، لہٰذا آپ ﷺ کو یہ پسند تھا کہ آپ کے اعمال اللہ کے ہاں اس حالت میں پیش ہوں کہ آپ روزے سے ہوں، نیز اللہ تعالیٰ ان دنوں میں ہر مسلمان کو معاف کردیتا ہے سوائے ان دو آدمیوں کے جو آپس میں بغض وکینہ رکھنے والے ہوں، جیساکہ دوسری احادیث میں اس کا ذکر آیا ہے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/6183